# سٹوڈس سین سَس۔دریافت کردہ عمومی سوالات

## مردم شماری(سین سَس) کیاہے؟

مردم شماری(سین سَس)لوگوں کے ایک گروہ یاتمام آبادی سے اکٹھی کی گئی معلومات کو کہتے ہیں۔مردم شماری کی معلومات مخفی اور صیغہ راز میں رکھی جاتی ہیں ماہم یہ گمنام نہیں ہوتیں۔طلباء کے مہیا کردہ جوابات،ان کے ای میل ایڈریس کے ساتھ،رازداری کے ساتھ منسلک کئے جائیں گے ماکہ ایچ ڈی ایس بی کا ریسرچ اینڈ اکاؤ سیبلٹی کا عملہ،شناختی بنیادوں کے اس ڈیٹاکو،طلباء کے ایڈمنسٹریٹیو ریکارڈ کے ساتھ رکھ سکے۔نتائج کی خبر رسانی،کسی خاص طالبعلم یاطلباء کے چھوٹے گروہ(جیسے ۱۵ سے کم)کو شناحت نہیں کرے گی۔

## ہالٹن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کے سٹوڈس سین سَس/طلباء شماری کا مقصد کیاہے؟

اونٹاریو کے تمام سکول بورڈز کو[اینٹی ریسزم ایکٹ ۲۰۱۷](#)اور[اونٹاریو کے ایجوکیشن ایکویٹی ایکشن پلان](#) کے تحت شناختی بنیادوں پر ڈیٹا جمع کرمااور آگے پیش کرماہے۔سٹوڈس سین سَس کے تحت جمع کردہ یہ ڈیٹاایچ ڈی ایس بی اور ہمارے سکولوں کی مدد کرے گا کہ:

- تمام طلباء کی کامیابی اور بہبود کے لئے،طلباء اور خاندانوں کی ضروریات کو مکمل طور پر سمجھا جائے
- امیازی اور تفریق کرنے والے طور طریقوں،دانستہ اور منظم رکاوٹوں اور تعصب کی پہچان ی جائے اور ان سے چھٹکارا پایا جائے ماکہ مساوی مواقع اور نتائج کو یقینی بنایا جاسکے
- نیز ایسے طلباء اور پروگراموں کے لئے وسائل مختص کئے جائیں جہاں سب سے زیادہ ضرورت ہو۔

## سٹوڈس سین سَس میں کن اقسام کے سوالات سامل ہیں؟

سٹوڈس سین سَس،طلباء کی شناحت کے بارہ میں تقریباً ۳۰ کثیر انتخابی ایسے سوالات پر مشتمل ہے جو[اینٹی ریسزم ڈیٹا سٹینڈرڈز](#)،خاندانی خصوصیات،سکول کے تجربات اور طلباء کی بہبود کے لئے بنائے گئے ہیں۔

## کیامیرے بچّہ کو مردم شماری میں موجود ہر سوال کاجواب دیناہے؟

سٹوڈس سین سَس مکمل طور پر رضاکارانہ/خوداختیاری ہے۔طلباء اور والدین/سرپرست کوئی بھی سوال جِس کا جواب وہ نہ دیناچاہیں،چھوڑ سکتے ہیں،اسی طرح وہ شمولیت سے یکسر انکار بھی کر سکتے ہیں۔ ماہم،یہ بات یادرکھنااہم ہے کہ جتنے زیادہ لوگ اسے مکمل کریں گے،حاصل کردہ معلومات سکول کی بہتری اور پروگرام کی منصوبہ بندی کے لئے زیادہ مؤثر اور قابل بھروسہ ہوں گی۔

## کیامیں،اپنے بچّہ کے سٹوڈس سین سَس میں شمولیت سے قبل،اِس کی ایک نقل/کاپی دیکھ سکتا/سکتی ہوں؟

سٹوڈینٹ سینسَس سے متعلق سوالات, والدین/ سرپرستوں کے دِیکھنے لئے جنوری 2021 میں مہیا کئے جائیں گے ، نیز یہ سوالات اس ویب سائٹ پر دیکھے جا سکیں گے
HDSB Student Census website

### میرے بچّہ کا جواب کیسے صیغہ راز میں (کانفیڈیسل) رکھا جائے گا؟

مہیّا کردہ جوابات، ایک محفوظ اور کانفیڈ نشل ڈیٹابیس میں رکھے جائیں گے جہاں ایچ ڈی ایس بی کے طلباء کے مابین رحجانات وِان کے خلاصہ کے لئے، صرف ایچ ڈی ایس بی کے مجاز ریسرچ اینڈ اکاؤ سیبلٹی کے عملہ کی رسائی ہو گی۔ تجزیہ کے لئے، طلباء کے انفرادی جوابات کی گروہ بندی کر دی جائے گی ماکہ طلباء کی انفرادی معلومات پہچانی نہ جا سکیں۔

### سین سَس (مردم شماری) کی معلومات (ڈیٹا) کیسے استعمال ہوں گی؟

ایچ ڈی ایس بی کے ریسرچ اینڈ اکاؤ سیبلٹی ڈیپارٹمنٹ کا تحقیقی عملہ تمام معلومات (ڈیٹا) کا تجزیہ کرے گا۔ حاصل کردہ معلومات سلسلہ وار رپورٹیں بنانے میں استعمال ہوں گی، جن سے بورڈ اور سکول کے مقتدرین کو منصوبہ بندی اور سیکھنے کے بارہ میں مطلع کرنے میں مدد ملے گی۔ خلاصہ شدہ ڈیٹا، کمیونٹی شراکت داروں اور حکومتی اداروں کے ساتھ بھی بانٹا جا سکتا ہے ماکہ وہ بھی اپنی اپنی کمیونیٹیز کی ضروریات کو بہترین طریق پر پورا کرنے کے لئے اپنی حدمات میں بہتری لا سکیں۔ ڈیٹا کی رپورٹیں کسی بھی طالبعلم کی علیحدہ سان دہی نہیں کریں گی۔